سوال

(428) ایسی محافل میں شامل ہونا جن میں گانا بجانا وغیرہ ہو ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(1) ایسی دعوت طعام جس پر باجا گاجا یعنی فوجی بینڈ وغیرہ کا اہتمام ہو۔ کیا حکم ہے

بعض لوگ اس دعوت کو حرام قرار دیتے ہیں اور بعض ناجائز۔

(2) اگر ایسے موقع پر آدمی گانا بجانا کی محفل میں بالکل شامل نہ ہو بلکہ ناپسندیدگی کی وجہ سے اس محفل سے دور رہے لیکن کھانے کے وقت شامل ہو جائے تو کیا حکم ہے ؟

(3) ایسی دعوت ولیمہ پر شامل ہونا جس کی بارات پر مذکورہ فعل کیا گیا ہو یعنی دعوت ولیمہ پر یہ بے ہودہ رسم نہ کی جائے ۔ اس میں شرکت کا کیا حکم ہے ؟ عدم شمولیت سے قطع رحمی کا بھی سخت خطرہ ہو۔ وضاحت فرما کر اللہ تعالیٰ سے اجر حاصل کریں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اما بعد! اس قسم کی دعوتوں میں شمولیت سے اگر «مَن رَأَى مِنكُم مُنكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ» (مسلم - کتاب الایمان - باب کون النہی عن المنکر من الایمان وان الایمان یزید و ینقص) الخ ''جو تم سے برائی دیکھے وہ اس کو روکے'' کے تقاضے پورے ہوں تو درست ورنہ درست نہیں اور ظاہر ہے کہ اس حدیث میں مذکور تین تقاضوں میں سے کسی نہ کسی تقاضے میں شمولیت کی وجہ سے خلل آئے گا اس لیے ایسی دعوتوں میں شمولیت سے پرہیز کرے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نکاح کے مسائل ج1ص 309